نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغاخان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت کا 50 ہزار ایکڑ قابل اصلاح اراضی کو کاشتکاری کے لیے موزوں بنانے کا منصوبہ

1.2 سے 1.5 بلین روپے کا فائدہ حاصل ہوگا (نعیم اختر خان بھابھہ، وزیر زراعت)

لاہور 27 مارچ 2017 (   ) وزیر زراعت پنجاب نعیم اختر خان بھابھہ نے کہا ہے کہ محکمہ زراعت پنجاب نے 50 ہزار ایکڑ اراضی کو قابل کاشت بنانے کا منصوبہ شروع کر دیا۔نعیم اختر خان بھابھہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ پنجاب میں اس وقت 3.88 ملین ایکڑ رقبہ کاشتکاری کے لیے موزوں ہے۔اس کی اصلاح کر کے آنے والے دنوں میں بڑھتی ہوئی آبادی کی خوراک کی ضرورت کے لیے قابل کاشت بنایا جا سکتا ہے لہٰذا محکمہ زراعت نے اس رقبہ کو قابل کاشت بنانے کا فیصلہ کیا۔اس منصوبہ سے نہ صرف زرعی رقبہ بڑھے گا بلکہ فصلوں کی فی ایکڑ پیداوار میں بھی اضافہ ہوگا۔وزیر زراعت پنجاب نعیم اختر خان بھابھہ نے مزید کہا کہ کسان پیکیج 17-2016 کے تحت اس منصوبے کے لیے 642 ملین روپے کی رقم مختص کی گئی ہے اور موجودہ مالی سال کے دوران 50 ہزار ایکڑ بنجر زمین کی اصلاح کر کے اسے کاشتکاری کے لیے موزوں بنایا جائے گا۔اس منصوبہ سے مستقبل میں 1.2 بلین سے 1.5 بلین روپے کا فائدہ حاصل ہوگا اور کاشتکاری کے لیے زرعی رقبے میں اضافہ ہوگا جس سے پنجاب کی خوراک کی ضروریات کو پورا کرنے میں مدد ملے گی۔

☆☆☆